# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 03 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کی تصویر صاف۔ آج آزاد امیدواروں میں نشانیوں کی تقسیم۔

☆ کسانوں کی آمدن میں اضافہ ہی حکومت کی ترجیح ہے-مرکزی وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان کا بیان۔

☆ مراٹھی ادب کا مستقبل تابناک ہے-99ویں ساہتیہ سمیلن کی افتتاحی تقریب میں صدرِ سمّلین وشواس پاٹل کا اظہارِ خیال۔

☆ اسکولی تعلیم میں صرف مراٹھی زبان ہی لازمی ہے: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی وضاحت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھی سائنسی پریشد کے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈس کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات میں امیدواری پرچے واپس لینے کی مہلت کل ختم ہوگئی، جس کے بعد ان انتخابات میں مقابلے کی تصویر بھی کل صاف ہوگئی۔ کئی جگھوں پر امیدواروں کے مقابلے میدان میں کوئی نہ ہونے کے سبب ان کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔ بعض جگھوں پر صرف ایک ہی امیدوار نے درخواست کی تھی جبکہ بعض جگھوں پر پرچوں کی جانچ کے دوران درخواستیں مسترد ہوئیں، جس سے وہاں موجود واحد اہل امیدوار کا بلا مقابلہ منتخب ہونا یقینی ہوگیا ہے۔

جلگاؤں میونسپل کارپوریشن انتخابات میں مہایوتی کے 12 امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ اس میں بھارتیہ جنتا پارٹی اور شیوسینا کے چھ امیدوار شامل ہیں اور اب بقیہ 63 نشستوں کیلئے رائے دہی ہوگی۔

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن میں بھی 376 امیدواروں نے انتخابی میدان سے دستبرداری اختیار کرلی، اور اب 81 نشستوں کیلئے 491 امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔

جالنہ میونسپل کارپوریشن انتخابات سے 407 امیدواروں نے دستبرداری اختیار کی۔ اور اب 16 پربھاگ میں کُل 449 امیدوار میدان میں ہیں۔ مہایوتی کے ٹوٹنے کی وجہ سے کئی مقامات پر دورخی اور سہ رخی مقابلہ ہونے کا امکان ہمارے نمائندے نے ظاہر کیا ہے۔

لاتور میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے درخواستیں واپس لینے کے آخری دن کل 268 امیدواروں نے دستبرداری اختیار کرلی۔ اس سے 18 پربھاگ میں 359 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات میں کثیر جہتی مقابلے ہونے کی صورتحال ہے۔ کل 554 امیدواروں نے اپنی امیدواری واپس لے لی، جس سے 29 پربھاگ کی 115 نشستوں کیلئے 859 امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔

دریں اثناء میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے امیدواروں میں انتخابی نشانات کی تقسیم کے بعد امیدواروں کی حتمی فہرست آج شائع کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابات فروری کے پہلے ہفتے میں ہونے کا امکان ہے۔ ریاستی انتخابی کمیشن کی جانب سے آئندہ ہفتے ان انتخابات کے پروگرام کا اعلان کیے جانے کا امکان ہے۔اس سلسلے میں چھ تاریخ کو ان اضلاع کے عہدیداروں کا اجلاس منعقد ہوگا جس میں انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔کمیشن کے حکام نے کہا ہے کہ ان انتخابات کیلئے نئی رائے دہی مشینوں کی ضرورت ہے اور ان مشینوں کی فراہمی 15 جنوری کے بعد متوقع ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر ہرش وردھن سپکال نے اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سپکال نے اس سلسلے میں ریاستی انتخابی کمشنر دنیش واگھمارے کو ایک مطالباتی مکتوب ارسال کیا ہے۔ درخواستیں داخل کرنے والے مخالف جماعتوں کے امیدواروں کو نارویکر کی مبینہ دھمکی بہت سنگین اور تشویشناک ہے، سپکال نے مکتوب میں واضح کیا کہ نارویکر کا رویہ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کسانوں کی آمدنی میں اضافے کو ترجیح دے رہی ہے۔کل ناسک میں کسانوں سے بات کرتے ہوئے چوہان نے کہا۔۔۔۔

**Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chuohan**

چوہان نے کہا کہ حکومت زرعی شعبے کو مستحکم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے اور کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف منصوبے نافذ کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ نئے سال میں ملک میں چار نئے سیمی کنڈکٹر پیداواری منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ وہ کل نئی دہلی میں ایک پروگرام سے مخاطب تھے۔

دریں اثناء ممبئی - احمد آباد بلٹ ٹرین کیلئے پال گھر ضلع میں دوسری سرنگ کی کھدائی کل مکمل ہوگئی۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اس پروگرام میں شرکت کی۔ یہ ڈیڑھ کلومیٹر مسافت کی سرنگ وِیرار سے بوئیسر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان کھودی گئی ہے۔

***** ***** *****

ضلعی سالانہ منصوبے کے تحت درج فہرست ذات کے مستحقین کے گھروں کی چھت پر ایک کلوواٹ کا شمسی توانائی پروجیکٹ لگانے کی منظوری دی گئی ہے، ریاستی وزیر آشیش جیسوال نے یہ اطلاع دی۔ مرکزی حکومت کی امداد کے ساتھ ہی ریاستی حکومت کی 15 ہزار روپے اضافی امداد کو بھی منظوری دی ہے۔اس سلسلے میں ایک سرکاری حکمنامہ حال ہی میں جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

99ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر وشواس پاٹل نے یقین ظاہر کیا ہے کہ تاریخی روایت سے مالا مال مراٹھی ادب کا مستقبل روشن ہے۔ ستارا میں منعقدہ اس ساہتیہ سمّیلن کا' کل بزرگ ہندی مصنفہ ڈاکٹر مُر دُلا گرگ کے ہاتھوں باضابطہ افتتاح عمل میں آیا۔ اس تقریب میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سمیت دیگر شخصیات موجود تھیں۔ وشواس پاٹل نے رُخصت پذیر صدر ڈاکٹر تارا بھوالکر سے سمّیلن کی صدارتی ذمہ داریاں حاصل کیں۔ بعدازاں حاضرین سے مخاطبت میں پاٹل نے کسانوں کی خودکشی کا مسئلہ اٹھایا اور لاڈ کی بہین یوجنا کی طرز پر کسانوں کیلئے خصوصی ماہانہ اسکیم شروع کرنے کی درخواست کی۔

ڈاکٹر مُر دُلا گرگ نے افتتاحی خطاب میں اس احساس کا اظہار کیا کہ دلت ادب مراٹھی ادبی دنیا کی روح ہے۔ ڈاکٹر بھوالکر نے اپنے خطاب میں پہلی جماعت سے ہندی یا' دیگر بھارتی زبانیں پڑھانے کے فیصلے کو ادبی دنیا کی مخالفت ہونے کا اظہار کیا۔

مراٹھی ادبی بورڈ کے سکریٹری ملند جوشی نے مطالبہ کیا کہ مراٹھی کو کلاسیکی زبان کا درجہ ملنے کے بعد مناسب فنڈ ز فراہم کیے جائیں۔

اس موقعے پر اپنی تقریر میں وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ ریاست میں اسکولی تعلیم میں مراٹھی لازمی زبان رہے گی۔ دیگر ملکی زبانیں اسکولی تعلیم میں اختیاری ہوں گی اور انہیں کس جماعت سے شروع کرنا ہے اس کا فیصلہ ڈاکٹر نریندر جادھو کی سربراہی میں کمیٹی کی رپورٹ ملنے کے بعد لیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مراٹھی ادب میں تمام خیالات کو سمیٹنے کی روایت بہت اہم ہے۔

دریں اثناء اس سمّیلن میں آج مذاکرے، ساتھ ہی ساہتیہ اکادمی ایوارڈ یافتہ شاعرہ انورادھا پاٹل اور کم عمر ادیبوں کے ساتھ گفت و شنید' امول پالیکر کی تصنیف ''عوض'' پر مباحثہ ہوگا۔ مراٹھی ادیبوں کی خیالاتی گمراہی، مراٹھی ادب میں ڈراؤنی کہانیاں، نسوانی تحریک کے 50 سال، اشرافیہ کے بعد مراٹھی، جیسے موضوعات پر مذاکرے کے علاوہ بزرگ مصنّفین واشاعت کاروں کو نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کے ہاتھوں اعزازات سے نوازا جائے گا۔

***** ***** *****

سال 12-2011 اور سال 24-2023 میں کیے گئے ہاؤس ہولڈ کنزمپشن ایکسپنڈ یچر سروے کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملک کے بیشتر حصوں میں مسلم گھرانوں کے معیارِ زندگی میں دیگر سماجوں کی بہ نسبت قابلِ ذکر بہتری آئی ہے، جو طویل عرصے سے معاشی پسماندگی کے تصورات کے برعکس ہے۔

گزشتہ 12 برسوں کے دوران بیشتر بڑی ریاستوں میں دیگر سماجوں کے مقابلے مسلمانوں کے تخمینہ شدہ اوسط ماہانہ فی کس اخراجات (ایم پی سی ای) کا تناسب بھی بڑھا ہے۔ یہ رجحان نہ صرف متعدد بڑی ریاستوں میں بلکہ پورے ملک میں بھی دیکھا جا رہا ہے، جس سے اس بات کی نشاندہی ہوتی ہے کہ یہ محض محدود یا منتخب زمروں کی بہتری نہیں بلکہ وسیع پیمانے پر بنیادی تبدیلی ہے۔

گجرات میں مسلم گھرانوں کی اقتصادی حالت میں سب سے زیادہ شاندار بہتری درج ہوئی ہے۔ 12-2011 کے مقابلے میں مالی سال 24-2023 میں ریاست گجرات کے مسلم گھرانوں کی سطح نمایاں طور پر بہتر ہوئی ہے اور اب اوسطاً مسلمان گھرانے دیگر سماجوں کے مقابلے میں زیادہ فی کس اخراجات کر رہے ہیں۔ جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ مسلم گھرانوں کے اقتصادی نتائج میں تیز رفتار بہتری آ رہی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھی سائنسی پریشد کی جانب سے دیئے جانے والے یادگاری ایوارڈز کا کل اعلان کیا گیا۔ اس میں ڈاکٹر انیل کاکوڈکر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ میزائل کے شعبے میں شاندار کارکردگی پر ڈاکٹر ٹیسی تھامس کا انتخاب کیا گیا، جبکہ ویکسین کی تحقیق میں پیش پیش رہنے والے ڈاکٹر گگن دیپ کانگ کو ڈاکٹر را- وی- ساٹھے یادگاری ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ دو لاکھ 51 ہزار روپے نقد، ایک یادگاری شیلڈ اور سند پر مشتمل ہے۔ تقسیمِ ایوارڈ کی تقریب آج انسٹی ٹیوٹ آف کیمیکل ٹیکنالوجی ممبئی میں منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

کانگریس کے قانون ساز اسمبلی کے رہنماء وجئے وڑیٹیوار نے مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ لیے جانے والے پولس سب انسپکٹر عہدوں کیلئے بھرتی کے عمل میں عمر کی حد میں اضافہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے اس سلسلے میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو ایک مطالباتی مکتوب بھی ارسال کیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں کلکٹر راہل کرڈیلے کی رہنمائی میں ''کمسنی کی شادی سے پاک بھارت'' سوروزہ مہم پر مؤثر طریقے سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ اس مہم کے تحت انتظامیہ کو ناندیڑ شہر میں 16 سالہ دوشیزہ کی شادی کو روکنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ لڑکی کے والدین سے کم عمر میں شادی نہ کرنے کی تحریری ضمانت بھی لی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت جلگاؤں میں نو اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ جبکہ اہلیا نگر میں 12 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔ مراٹھواڑہ کے بیڑ میں 11، چھترپتی سمبھاجی نگر میں 13 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس پربھنی میں 14 ڈگری سیلسیس اور ناندیڑ میں 15 ڈگری سیلسیس کے قریب درجہ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

- ☆ ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کی تصویر صاف۔ آج آزاد امیدواروں میں نشانیوں کی تقسیم۔
- ☆ کسانوں کی آمدن میں اضافہ ہی حکومت کی ترجیح ہے – مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان کا بیان۔
- ☆ مراٹھی ادب کا مستقبل تابناک ہے – 99 ویں ساہتیہ سمیلن کی افتتاحی تقریب میں صدرِ سمّلین وشواس پاٹل کا اظہارِ خیال۔
- ☆ اسکولی تعلیم میں صرف مراٹھی زبان ہی لازمی ہے: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی وضاحت۔
- اور۔۔۔ ☆ مراٹھی سائنسی پریشد کے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈس کا اعلان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****